**02.10.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے یہ تنبیہہ کی ہے کہ Sir Creek علاقے میں پاکستان کی کسی بھی بیجا مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

☆ الیکٹرانکس اور IT محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ الیکٹرانکس آلات تیار کرنے کی اسکیم کے تحت ایک لاکھ 15 ہزار کروڑ روپے مالیت کی سرمایہ کاری تجویزیں موصول ہوئی ہیں۔

☆ RSS کے سربراہ موہن بھاگوت نے خودکفیل بھارت کی وکالت کی ہے اور امریکی Tariff معاملے کے تناظر میں سودیشی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔

☆ آج بابائے قوم مہاتما گاندھی اور سابق وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری کو، اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔

☆ اور، آج پورے ملک میں برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت دسہرے کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RAJNATH KUTCH EARLY**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے یہ کہتے ہوئے پاکستان کو سخت وارننگ دی ہے کہ Sir Creek علاقے میں کسی بھی طرح کی بیجا مہم جوئی کا ڈٹ کر جواب دیا جائے گا۔ وہ آج گجرات کے بھُج میں ایک فوجی اسٹیشن پر شستر پوجن تقریب کے بعد سپاہیوں سے خطاب کررہے تھے۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران لیہہ سے Sir Creek تک پاکستان، بھارت کے دفاعی نظام کو کسی بھی طرح کی زک پہنچانے میں ناکام رہا۔ اِس کے برعکس جوابی کارروائی کرتے ہوئے،

بھارتی فوج نے پاکستان کے فضائی دفاعی نظام کو پوری طرح بے نقاب کردیا اور دنیا کو یہ سخت پیغام پہنچایا کہ وہ کبھی بھی اور کہیں بھی پاکستان کو شدید نقصان پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

**SB - Rajnath Singh**

## VAISHNAV-ELECTRONICS

الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی-IT کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ الیکٹرونکس آلات تیار کرنے سے متعلق اسکیم-ECMS کے تحت، حکومت کو ایک لاکھ 15 ہزار اور 351 کروڑ روپے مالیت کی سرمایہ کاری کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ مذکورہ اسکیم کے تحت درخواستیں وصول کرنے کی کُل آخری تاریخ تھی اور اس کے تحت موصولہ درخواستوں کی تعداد تاریخی ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ 59 ہزار 350 کروڑ روپے کے بقدر سرمایہ کاری کے نشانے کے مقابلے ایک لاکھ 15 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ اس کے علاوہ چار لاکھ 56 ہزار 500 کروڑ روپے کی پیداوار کے ہدف کے مقابلے، 10 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ پیداوار کے تخمینے موصول ہوئے ہیں۔×

## RSS-VIJAYADASHMI UTSAV

راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ RSS کے سَر سنگھ چالک ڈاکٹر موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ آتم نربھر بن کر اور عالمی اتحاد کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، ہمیں اِس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ کسی پر انحصار کرنا ہماری مجبوری نہ بنے اور ہم اپنی مرضی اور منشا کے مطابق کام کرتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ سودیشی اور Swavalamban کا کوئی متبادل نہیں ہے۔ RSS کے سربراہ آج صبح ناگپور میں RSS کے قیام کو 100 سال مکمل ہونے کی تقریب اور وجے دَشمی اُتسو پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنے بین الاقوامی اور تجارتی تعلقات کو برقرار رکھنا چاہیئے کیونکہ کوئی بھی ملک الگ تھلگ ہوکر نہیں رہ سکتا۔

**SB - 1205 - Bhagwat**

## PM-RSS ARTICLE

وزیراعظم نریندر مودی نے راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ-RSS کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک مضمون میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ RSS کا قیام، ملک کی تعمیر اور معاشرے کی خدمت کے نظریئے کے ساتھ 1925 میں وِجے دَشمی کے دن عمل میں آیا تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ ایک سو سال پہلے، سنگھ، ملک کی تعمیر

اور معاشرے کی خدمت کیلئے کام کرنے کے مقصد کے تحت قائم کیا گیا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ 100 سال کے دوران، بے شمار سویم سیوکوں نے اس نظریئے کی تکمیل کے تیئں اپنی پوری زندگیاں وقف کردیں۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ ایک صدی کے اپنے سفر میں، سنگھ نے سماج کے مختلف طبقات میں بیداری اور خود اعتمادی پیدا کی ہے۔×

**NATION GANDHI**

آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو، اُن کے 156 ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ اِس موقع پر پورے ملک میں اور بیرونِ ملک بھارتی مشنوں میں کئی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

قومی راجدھانی میں باپو کی سمادھی راج گھاٹ پر سبھی مذہبوں کے دعائیہ جلسے ''سَرو دھرم پرارتھنا سَبھا'' کا اہتمام کیا گیا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعظم نریندر مودی، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور مرکزی وزیر منوہر لال نے آج صبح راج گھاٹ جاکر مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے بھی بابائے قوم مہاتما گاندھی کو اُن کے 156 ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

آج ہی سابق وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری کا بھی یومِ پیدائش ہے۔ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے سابق وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ شاستری جی کی زندگی اور اُن کی قیادت سادگی، دیانتداری اور اخلاقی ہمت کی مظہر ہے، جس سے آنے والی نسلوں کو ملک کی وسیع تر بہبود کیلئے ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر کام کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ اِدھر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے شاستری جی کو اُن کے 121ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ لال بہادر شاستری ایک غیرمعمولی مدبر تھے، جن کی دیانتداری، انکساری اور لگن سے دشوار حالات میں بھی ملک کو تقویت حاصل ہوئی۔ x

**AMIT SHAH KHADI**

مہاتما گاندھی کی جینتی کے موقع پر مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی کے کھادی گرام اُدیوگ بھون میں GST بچت اُتسو کے تحت کھادی اشیاء پورے ملک میں رعایتی شرحوں پر فروخت کرنے کے سلسلے کا آغاز کیا۔ کھادی مہوتسو 2025 کے دوران آج سے لے کر 5 نومبر تک صارفین کو کھادی ملبوسات پر 20 فیصد، جبکہ کھادی اشیاء پر 10 فیصد کی رعایت دی جائے گی۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ کھادی کے استعمال کو بڑھاوا دیں اور سودیشی سامان اور اشیاء اپنانے کی مہم کی حوصلہ افزائی کریں۔ x

## GANDHI JAYANTI WORLDWIDE

بیرونِ ملک بھارتی مشنوں میں بھی مہاتما گاندھی کے 156 ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے اور قیامِ امن اور عدم تشدد کے اُن کے پیغام کو اجاگر کیا جارہا ہے۔ گاندھی جینتی کے موقع پر نہ صرف امن اور اخلاقی رہن سہن کے اُن کے فلسفے کو اجاگر کیا جاتا ہے بلکہ اُن کے پیغام کی تشہیر کیلئے عالمی سطح پر عدم تشدد کا بین الاقوامی دن بھی منایا جاتا ہے۔ نیوزی لینڈ میں بھارتی ہائی کمیشن میں گاندھی جینتی منائے جانے کی تقریب میں، وہاں موجود اہلکاروں نے گاندھی جی کی زندگی اور تعلیمات کے اثرات اور آج کی دنیا میں اِس کی افادیت کا ذکر کیا۔ اِس موقع پر نیوزی لینڈ میں بھارت کی ہائی کمشنر نیتا بھوشن نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا۔

جاپان میں **Edogawa** کے مقام پر بھارتی سفارتخانے کے ناظم الامور **R. Madhu Sudan** نے بھارتی برادری کے لوگوں، اساتذہ اور طلباء کے ہمراہ گاندھی جی کے مجسمے پر عقیدت کے پھول نذر کئے۔ نیپال میں بھارت کے سفیر نوین سری واستو نے اِس موقع پر سفارتخانے کے صفائی کارکنوں کی عزت افزائی کی اور سووچھتا ہی سیوا پہل کے تئیں اُن کی لگن اور اہم رول کو سراہا۔ **x**

## DUSSEHRA

آج وجے دَشمی یا دسہرے کا تہوار پورے ملک میں جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ دن نوراتری اور دُرگا پوجا کے اختتام پر منایا جاتا ہے۔ راوَن پر بھگوان رام کی فتح کو یاد کرنے کیلئے یہ تہوار منایا جاتا ہے، جو بدی پر نیکی کی کامیابی کی علامت ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے وجے دَشمی کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو دلّی میں لال قلعہ پر **Madhav Das** پارک میں دسہرہ تقریبات میں شرکت کریں گی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی قومی راجدھانی میں **IP Extension** رام لیلا کمیٹی کے زیرِ اہتمام دسہرہ تقریبات میں شامل ہوں گے۔**x**

## VP-KAMRAJ

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے آج مجاہدِ آزادی اور تمل ناڈو کے سابق وزیرِ اعلیٰ کے کامراج کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ کامراج نے اپنی زندگی سادگی، دیانتداری اور عوام کی خدمت کیلئے وقف کردی تھی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کامراج نے تعلیم اور غریب لوگوں کی بہبود میں قابلِ قدر رول ادا کیا۔ **x**

## POJK PROTEST

پاکستان کے قبضے والے جموں اور کشمیر کے علاقے میں پاکستانی حفاظتی دستوں اور مظاہرین کے درمیان گزشتہ تین دن کے دوران ہوئی پُر تشدد جھڑپوں میں کم از کم 12 شہریوں کی موت ہو گئی۔ یہ مظاہرین سیاسی اور معاشی مسائل پر احتجاج کررہے ہیں۔ عوامی ایکشن کمیٹی، AAC کی قیادت والے اِن احتجاجی مظاہروں کی وجہ سے پاکستان کے قبضے والے جموں کشمیر POK میں گزشتہ 72 گھنٹوں سے معمول کی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ ہتھیاروں سے پوری طرح لیس فوجی دستوں نے POK کے قصبوں میں فلیگ مارچ کئے۔ پڑوس کے پنجاب صوبے سے ہزاروں فوجیوں کو تعینات کیا گیا ہے، جبکہ اسلام آباد سے ایک ہزار اضافی اہلکاروں کو روانہ کیا گیا۔

گزشتہ ہفتے ایک افسوسناک واقعے کے بعد، جب خیبرپختونخوا صوبے میں 30 عام شہری ہلاک ہوئے تھے، یہ احتجاجی مظاہرے شروع ہوئے تھے۔اس ہوائی حملے میں پاکستان کی فضائیہ نے چین میں بنے LS-6 لیزر گائیڈڈ بموں کا استعمال کیا تھا۔ اِس دوران، یونائیٹڈ کشمیر پیوپلز نیشنل پارٹی- UK PNP کے ترجمان ناصر عزیز خان نے اقوام متحدہ اور بین الاقوامی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی زیادتیوں اور ظلم وستم کے خلاف مداخلت کریں۔x

## PHILIPPINES EARTHQUAKE UPDATE

وسطی فلپنز کے Cebu صوبے میں 6 اعشاریہ نو شدت کے زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 72 تک پہنچ گئی ہے۔ وہاں منگل کے روز شدید زلزلہ آیا تھا۔ کم از کم 294 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ Bogo City سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ وہاں 30 اموات ہونے کی اطلاع ملی ہے، جبکہ San Remigio قصبے میں 22 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق کونسل کے مطابق ایک لاکھ 70 ہزار سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں۔ اِس کے مدنظر وہاں کی صوبائی سرکار نے پورے صوبے کو قدرتی آفت سے متاثرہ قرار دیا ہے۔ تقریباً 600 مکانوں کے ساتھ ساتھ 87 بنیادی ڈھانچے کی عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔x

## SUDAN

سوڈان میں نیم فوجی Rapid سپورٹ فورسز نے El Fasher علاقے کو نشانہ بناتے ہوئے ڈرون حملہ کیا، جس میں 8 افراد مارے گئے اور کئی زخمی ہوئے۔ عینی شاہدین نے خبررساں ایجنسیوں کو بتایا ہے کہ پانچ عام شہریوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جبکہ تین افراد اسپتال لے جاتے وقت زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ سوڈان میں سِول محاذ آرائی کا سلسلہ طویل عرصے سے جاری ہے اور توپخانے اور ڈرون کا استعمال کرتے ہوئے، سویلین علاقوں میں Militia حملے ہوتے رہتے ہیں۔

وہاں اپریل 2023 میں سوڈان کی مسلح افواج اور Rapid سپورٹ فورسز کے درمیان ٹکراؤ کا سلسلہ شروع ہوا تھا۔ اب تک ہزاروں افراد مارے جاچکے ہیں اور لاکھوں بے گھر ہوئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆